# Regional Urdu Text Bulletin, Chatrapati Sambhajinagar

Date: 16 March-2025

Time: 09:00-09:10 am

## آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۱۶/مارچ ۲۰۲۵ء

وقت: ۹:۱۰-۹:۰۰

***** **** *****

:::::: سرخیاں ::::::

سب سے پہلے خاص خبروں کی سرخیاں:

☆ ریاست بھر کے 18/اضلاع میں ابتدائی طبی مراکز کو دو مراحل میں شمسی توانائی سے فراہم کی جائے گی بجلی۔ وزیر اعلیٰ دیویندر پھڑنویس کا اعلان

☆ سینئر لیڈر اور رکن پارلیمان شرد پوار کی جانب سے مراٹھواڑہ اور ودربھ میں کسانوں کی خودکشیوں کے تناظر میں مرکزی حکومت سے پالیسی بنانے کی ضرورت کا اظہار۔

☆ اورنگ زیب کی قبر ہٹانے کے مطالبے پر آئندہ پیر کو وشو ہندو پریشد اور بجرنگ دل کی جانب سے ہوگا چھترپتی سمبھاجی نگر اور ناندیڑ ضلع کلکٹر دفتر کے روبرو احتجاج۔

☆ ممبئی انڈینز نے ویمنز پریمیئر لیگ کرکٹ ٹورنامنٹ کا جیتا خطاب۔

اور۔۔۔ ☆ ریاست میں گرمی کی شدت میں اضافہ ٔ ودربھ کے چند مقامات پر گرمی کی لہر کا انتباہ۔

***** **** *****

اب خبریں تفصیل سے:

وزیر اعلیٰ دیویندر پھڑنویس نے زور دے کر کہا ہے کہ حکومت کا کردار غیر روایتی توانائی کے شعبے کی حوصلہ افزائی کرتے ہوئے زیادہ سے زیادہ توانائی پیدا کرنا ہے۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ لاتور سمیت ریاست کے 18 اضلاع میں واقع ابتدائی صحت مراکز کو سیلکو فاؤنڈیشن کی مدد سے شمسی توانائی سے چلایا جائے گا۔ انہوں نے بتایا کہ سولر پاور کا کام دو مرحلوں میں کیا جائے گا۔ پہلے مرحلے کے دوران 8 اضلاع میں 250 ابتدائی طبی مراکز کا کام ہو چکا ہے۔ جبکہ 2 ہزار ابتدائی طبی مراکز کا کام جون 2026 تک مکمل کیا جائے گا۔ وزیر اعلیٰ نے اس اعتماد کا اظہار کیا ہے کہ شمسی توانائی کے استعمال سے ریاست میں صحت کی معیاری سہولیات فراہم ہوگی اور پرائمری ہیلتھ سینٹر توانائی کے معاملے میں خود کفیل ہو جائیں گے۔ اس کے نتیجے میں بجلی کے بلوں میں نمایاں بچت ہوگی۔ انہوں نے اس یقین کا اظہار کیا ہے کہ اس سے ابتدائی طبی مراکز کو 24 گھنٹے بلا رکاوٹ بجلی فراہمی کی ضرورت بھی پوری ہو جائے گی اور صحت کی خدمات مزید مستحکم ہوگی۔

***** *****

حکومت نے ریاست کے تمام اسکولوں میں پہلی تا نہم جماعتوں کے سالانہ امتحانات اور PAT ٹیسٹس بیک وقت منعقد کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ اس کے مطابق اسکولوں کو یہ امتحانات اور ٹیسٹ 8 تا 25 اپریل تک امتحانات کے انعقاد کا شیڈول کسی بھی طرح سے مطابقت نہیں رکھتا۔ اس لئے پرائمری ٹیچرس کمیٹی نے ایجوکیشن کمشنر سے مذکورہ حکم نامہ منسوخ کرنے اور پہلے کی طرح امتحانات کے شیڈول کی منصوبہ بندی اسکولی سطح پر کرانے کا مطالبہ کیا ہے۔

**** *****

زمینی حمل ونقل کے مرکزی وزیر نتن گڈکری نے کہا ہے کہ طلباء انٹر پر ینرشپ کو اپنائیں اور روزگار پیدا کرنے والے بنیں۔گڈکری کل ناگپور کے لونار میں واقع سینٹرل انڈیا انسٹی ٹیوٹ آف فارمیسی کے تقسیم اسناد کے جلسے سے خطاب کرر ہے تھے۔انہوں نے کہا کہ تعلیم نہ صرف طلباء کی ترقی کا باعث بنتی ہے بلکہ یہ تمام خاندان اور سماج کی ترقی کا سبب بنتی ہے۔

**** *****

آبی وسائل کے ریاستی وزیر رادھا کرشن ویکھے پاٹل نے کہا ہے کہ جانوروں کی بڑھتی تعداد کے پیش نظر ان کے لئے اچھے چارے کی ضرورت ہے۔ وزیر موصوف کل اہلیہ نگر ضلع کے لونی میں زرعی پیداوار مارکیٹ کمیٹی کے جانوروں کے چارے کی پیداوار پروجیکٹ کا سنگ بنیاد رکھنے کے بعد صحیفہ نگاروں سے بات چیت کرر ہے تھے۔اس موقع پرانہوں نے اس یقین کا اظہار کیا کہ مویشیوں کی خوراک کا یہ پروجیکٹ جانور پالنے والوں کو مدد فراہم کرے گا۔

**** *****

سینئر لیڈر اور رکن پارلیمنٹ شرد پوار نے مراٹھواڑہ اور ودربھ کے کسانوں کی خودکشیوں کے تناظر میں مرکزی حکومت کی جانب سے پالیسی وضع کرنے کی ضرورت کا اظہار کیا ہے۔ پوار کل بارامتی میں صحیفہ نگاروں سے بات کرر ہے تھے۔اس موقع پرانہوں نے کہا کہ کاشتکاروں میں بڑی تبدیلی آرہی ہے۔اور گنے کی فصل اگانے کے لئے جلد ہی آرٹیفیشل انٹلی جنس(AI) کا استعمال کیا جائے گا۔

**** *****

کانگریس پارٹی کے ریاستی صدر ہرش وردھن سپکاڑ نے کل سندھودرگ سے اپنے مہاراشٹر دورے کا آغاز کیا۔کدل میں اخباری نمائندوں سے بات کرتے ہوئے سپکاڑ نے الزام عائد کیا ہے کہ ریاست میں امن وقانونی کی صورت حال خستہ ہے۔انہوں نے عوامی نمائندوں سے بدزبانی کرنے پرتقید کی۔

**** *****

پولس کوگڈ چرولی ضلع کے بھامراگڑھ تعلقے میں واقع کاوندے کے جنگل میں دفن کیا گیا۔دھماکہ خیز مواد ملا ہے۔۹ ر مارچ کو پولس نے اس مقام پر و پولس اسٹیشن قائم کیا تھا جس کے قریب ہی یہ دھماکہ خیز مواد دفن تھا۔

**** *****

چھترپتی سمبھاجی نگر کے خلدآباد میں واقع اورنگ زیب کی قبر کو ہٹانے کے معاملے پروشوہندو پریشد اور بجرنگ دل کی جانب سے چھترپتی سمبھاجی نگر اور ناندیڑ اضلاع میں کلکٹر دفتر کے روبروآئندہ پیر کو دھرنا آندولن کیا جائے گا اور اس سلسلے میں ضلع کلکٹرس کو محضر پیش کیا جائے گا۔اس کے پیش نظر خلدآباد میں اورنگ زیب کی قبر پر پولس بندوبست میں اضافہ کردیا گیا ہے۔اور ریاست کی ریزرو پولس فورس کا دستہ اس علاقے میں تعینات کیا گیا ہے۔

**** *****

یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر سے نشر کی جارہی ہے۔

**** *****

وزیراعظم نریندر مودی آئندہ 30 مارچ کو آکاشوانی کے پروگرام من کی بات کے ذریعے قوم سے خطاب کریں گے۔ یہ اس پروگرام کی سیریز کی 120 ویں قسط ہوگی۔ شہریان سے گذارش کی جاتی ہے کہ وہ اس پروگرام میں شریک ہونے کے لئے 28 مارچ تک اپنے خیالات اور تجاویز ٹول فری نمبر 1800-11-7800 پر روانہ کریں۔

***** *****

ممبئی انڈینز نے ویمنز پریمئر لیگ کرکٹ ٹورنامنٹ کا خطاب جیت لیا ہے۔ کل ممبئی کے بریبورن اسٹیڈیم میں کھیلے گئے فائنل میچ میں ممبئی انڈینز کی ٹیم نے دہلی کیپٹلز کو 8 رنوں سے شکست دے دی۔ اس میچ میں پہلے بلے بازی کرتے ہوئے ممبئی انڈینز نے 20 اوور میں 7 وکٹوں کے نقصان پر 149 رن بنائے۔ جوابی کھیل کے دوران دہلی کیپٹلز کی ٹیم 20 اوورز میں 9 وکٹوں کے نقصان پر صرف 141 رنز ہی بنا پائی۔

ممبئی انڈینز کی کپتان ہرمن پریت کور کو 44 گیندوں پر 66 رنز بنانے پر میچ کی سب سے بہترین کھلاڑی قرار دیا گیا۔ وہیں ممبئی انڈینز ہی کی آل راؤنڈر نتالی سیور برنٹ کو پلیر آف دی سیریز کے اعزاز سے نوازا گیا۔

***** *****

انٹرنیشنل ماسٹرس لیگ ٹی۔20 کرکٹ ٹورنامنٹ کا فائنل مقابلہ آج بھارت اور ویسٹ انڈیز کے درمیان ہوگا۔ رائے پور میں کھیلا جانے والا یہ میچ بھارتی وقت کے مطابق شام ساڑھے ۷ ربجے شروع ہوگا۔ ویسٹ انڈیز نے سری لنکا ماسٹرز کو جبکہ انڈیا ماسٹرز نے آسٹریلیاء ماسٹرز کو شکست دے کر فائنل میں رسائی حاص کی ہے۔

***** *****

میونسپل کارپوریشن کی جانب سے طلباء میں حسب ضرورت پانی پینے کی عادت کو یقینی بنانے کے مقصد سے کارپوریشن کے پریہ درشنی سینرل پرائمری وثانوی اسکول میں واٹر بیل پروگرام شروع کیا گیا ہے۔ اس پروگرام کے تحت بچوں کو ہر مضمون کے وقفے کے بعد پانی پینے کی یاددلائی جاتی ہے۔

***** *****

لاتور ضلع کے احمد پور تعلقے میں واقع روئی، راڑ کا اور ورنتی گرام پنچایتوں کے انتخابات کرائے جائیں گے۔ ان گرام پنچایتوں کی میعاد جنوری 2024 تا دسمبر 2025 کے دوران ختم ہورہی ہے۔ یہ اطلاع ضلع کلکٹر دفتر نے دی۔ اس کے علاوہ نئی تشکیل کی گئی یا جن گرام پنچایتوں میں وارڈس کی تشکیل میں غلطی کی گئی اور 28 فروری 2025 تک خالی ہونے والے عہدوں کے ضمنی انتخابات کے لئے ووٹرس لسٹ میں ناموں کے اندراج کا کام شروع کیا جائے گا۔

***** *****

ڈاکٹر باباصاحب امبیڈکر مراٹھواڑہ یونیورسٹی کا مالی سال 26-2025 کا بجٹ 354 کروڑ 37 لاکھ روپئے منظور کیا گیا ہے۔ یونیورسٹی میں کل وائس چانسلر ڈاکٹر وجئے پھلاری کی صدارت میں منعقدہ اجلاس میں بجٹ سمیت مختلف امور کو منظوری دی گئی۔ اس میٹنگ میں پرووائس چانسلر ڈاکٹر والمک سرودے اور رجسٹرار پرشانت امرتکر سمیت 62 ممبران موجود تھے۔

***** *****

ناندیڑ ضلع کے اردھاپور ناندیڑ روڈ پر پمپل گاؤں پھاٹے کے قریب ایک اسکار پیو اور ٹرک کے درمیان تصادم کے سبب دو افراد ہلاک اور 6 زخمی ہوگئے۔ یہ حادثہ کل شام پیش آیا جب جیپ کے ڈرائیور نے قابو کھودیا اور جیپ ڈیوائیڈر سے جا ٹکرائی۔ زخمیوں کو علاج کی خاطر وشنو پوری کے سرکاری اسپتال میں داخل کرایا گیا ہے۔

***** *****

چندر پور ضلع کے ناگھ بھیڑ میں واقع گھوڑا زہری تالاب میں ڈوب کر 5 نوجوانوں کی موت ہوگئی۔ یہ حادثہ کل دو پہر کے قریب پیش آیا۔ خبروں میں بتایا گیا ہے کہ مرنے والے پانچوں نوجوان چیمور تعلقے کے ساٹھ گاؤں کوکاری کے رہنے والے تھے۔

***** *****

ریاست میں گرمی کی شدت میں اضافہ ہو رہا ہے۔ چندر پور میں کل سب سے زیادہ درجہ حرارت 41.4 درج کیا گیا۔ وہیں مراٹھواڑہ کے پربھنی میں کل گرمی کی سب سے زیادہ تپش 39 ڈگری سیلسیس ریکارڈ کی گئی جبکہ چھترپتی سمبھا جی نگر اور دھاراشیو میں پارہ 38 ڈگری سیلسیس رہا۔ محکمہ موسمیات نے آئندہ دو دنوں کے دوران ودربھ میں گرمی کی لہر چلنے کی پیش گوئی کی ہے۔ آکولہ، چندر پور، ایوت محل اضلاع کے لئے اورینج الرٹ جبکہ وردھا، ناگپور اور امراوتی اضلاع کے لئے یلو الرٹ جاری کیا گیا ہے۔

***** *****

:::::سرخیاں:::::

آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:

☆ ریاست بھر کے 18 ر اضلاع میں ابتدائی طبی مراکز کو دو مراحل میں شمسی توانائی سے فراہم کی جائے گی بجلی۔ وزیر اعلیٰ دیویندر پھڑنویس کا اعلان

☆ سینئر لیڈر اور رکن پارلیمان شرد پوار کی جانب سے مراٹھواڑہ اور ودربھ میں کسانوں کی خودکشیوں کے تناظر میں مرکزی حکومت سے پالیسی بنانے کی ضرورت کا اظہار۔

☆ اورنگ زیب کی قبر ہٹانے کے مطالبے پر آئندہ پیر کو وشو ہندو پریشد اور بجرنگ دل کی جانب سے ہوگا چھترپتی سمبھا جی نگر اور ناندیڑ ضلع کلکٹر دفتر کے روبرو احتجاج۔

☆ ممبئی انڈینز نے ویمنز پریمئر لیگ کرکٹ ٹورنامنٹ کا جیتا خطاب۔

اور۔۔۔ ☆ ریاست میں گرمی کی شدت میں اضافہ، ودربھ کے چند مقامات پر گرمی کی لہر کا انتباہ۔

***** **** *****

اس کے ساتھ ہی علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔

ان خبروں کو آپ AIR چھترپتی سمبھا جی نگر یوٹیوب چینل، پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔

***** **** *****